فوری ریلیز کے لیے: 3/5/2023

KATHY HOCHUL گورنر

گورنر HOCHUL کی جانب سے مستقبل کے لیے مستحکم نگہداشتِ صحت کے نظام کو تخلیق کرنے کی سرمایہ کاریوں کا اعلان

مالی سال 2024 کے بجٹ میں اعلیٰ معیار کی نگہداشتِ صحت میں سرمایہ کاری؛ نیو یارک کے افراد کے لیے تفاوتوں کا حل اور نگہداشتِ صحت کی ضروریات پر زور

بجٹ میں دو دہائیوں میں ہسپتالوں، نرسنگ ہومز، معاونتی رہائشی سہولت گاہوں کے لیے Medicaid باز ادائیگی کی شرحوں میں کثیر اضافے کی شمولیت

گورنر Kathy Hochul نے آج کے دن مالی سال 2024 کے نافذ کردہ بجٹ کے حصے کے طور پر، آج اور مستقبل دونوں کے لیے، ریاست نیو یارک کے لیے نگہداشت صحت کا ایک مضبوط نظام بنانے کی خاطر تبدیلی کے اقدامات کی منظوری کا اعلان کیا ہے۔ نافذ کردہ بجٹ ریاستی نگہداشتِ صحت کے نظام کو معاونت دینے کے لیے اضافی $22 بلین متعدد سالہ سرمایہ کاری فراہم کرتا ہے، جس میں فراہم کنندگان کے لیے نگہداشتِ صحت کیپیٹل فنڈنگ میں اضافی $1 بلین اور نیو یارک کے کم آمدنی والے باشندوں کے لیے 7.8 ملین سے زائد Medicaid فوائد میں توسیع بھی شامل ہے۔

"نیو یارک کے قومی سرکردہ نگہداشتِ صحت کے نظام کے ذریعے، ہم تفاوتوں کے خاتمے جیسے اہم کام کو جاری رکھیں گے اور یقینی بنائیں گے کہ ہماری ریاست میں ہر ایک کو دستیاب بہتر نگہداشت تک رسائی حاصل ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ اقدامات ہماری نگہداشتِ صحت کے معیار کو بہتر بنائیں گے، نگہداشت تک مزید مساوی رسائی دیں گے اور یقینی بنائیں گے کہ ہم نیو یارک بھر میں مستقبل کی نگہداشتِ صحت کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے اچھی طرح تیار ہوں۔"

مالی سال 2024 کے نافذ کردہ بجٹ میں Medicaid باز ادائیگی کی شرح میں کثیر اضافہ شامل ہے - **7.5 فیصد اضافہ برائے ان پیشنٹ ہسپتالی خدمات، اور نرسنگ ہومز کے لیے 7.5 فیصد تک اضافہ، اور آؤٹ پیشنٹ ہسپتالی خدمات اور معاونتی رہائشی فراہم کنندگان کے لیے 6.5 فیصد اضافہ**، جو کہ دو دہائیوں میں کثیر اضافے کی نشاندہی کرتا ہے۔ ریاست نیو یارک کے نگہداشتِ صحت کے نظام کو مستحکم کرنے کے لیے اس تغیر و تبدل کی حامل تبدیلی کے نتیجے میں **نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کو، مالی وسائل کی کمی کے شکار ہسپتالوں کی معاونت کے لیے $500 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے علاوہ $1.2 بلین سالانہ مجموعی فائدہ حاصل ہو گا۔**

بجٹ **نگہداشتِ صحت میں تغیر وتبدل کی سرمایہ کاریوں کو آگے بڑھانے کے لیے $1 بلین کا متعدد سالہ نگہداشتِ صحت کیپٹل پروگرام** فراہم کرتا ہے، جس میں ٹیکنالوجی اور سائبر سیکیورٹی میں سرمایہ کاری کی معاونت کے لیے $500 ملین کی رقم بھی شامل ہے۔

بجٹ **$1.7 بلین کی سرمایہ کاری کرتا ہے تاکہ وہ 2030 تک البانی میں واقع W. Averell Harriman کیمپس میں Wadsworth لیبارٹریز کی پانچ غیر منسلک سائٹس کو ایک سائٹ میں مستحکم کرنے کے لیے مکمل طور پر**

فنڈز فراہم کرے۔ یہ استحکام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہماری ملکی سرکردہ صحت عامہ کی تحقیقی لیبارٹری نیو یارک کے باشندوں کی صحت کے تحفظ کے لیے اہم حیاتیاتی اور ماحولیاتی حوالے سے جدید تحقیق پر استوار رہے۔

صحت کے مساوی وسائل کی جانب گورنر Hochul کی توجہ کے ایک حصے کے طور پر، اس سال کے بجٹ میں **کوریج کو بہتر بنانے اور Medicaid سے فائدہ اٹھانے والوں کے لیے حفاظتی اور بنیادی نگہداشت کی خدمات تک رسائی کو بڑھانے کے لیے $419 ملین کی مجموعی سرمایہ کاری شامل ہے۔** ان سرمایہ کاریوں میں دیگر فنڈنگ سمیت ڈولا (مڈوائف)، کمیونٹی ہیلتھ ورکرز، نیوٹریشنسٹس، تھیراپی سروسز برائے اطفال، اور اسکریننگ برائے اطفال و حاملہ خواتین، معاونتی رہائش تک رسائی، اور بنیادی نگہداشت کے لیے اضافہ شدہ شرح، اسکول پر مبنی صحت کے مراکز، اور ویکسین لگوانے کی کوریج شامل ہے۔

بجٹ میں مالی سال 2025 سے شروع ہونے والے **Medicaid بائی ان پروگرام میں توسیع کے لیے $120 ملین کی مجموعی سرمایہ کاری** بھی شامل ہے تاکہ نیو یارک کے زیادہ سے زیادہ معذور افراد کام کر سکیں اور پھر بھی اپنی نگہداشتِ صحت کی کوریج کے لیے اہل ہو سکیں۔

ریاست بھر میں سب سے زیادہ خطرے والے علاقوں میں بچوں کو سیسے کے زہر سے بچانے کے لیے، بجٹ $39 ملین فراہم کرتا ہے تاکہ کرائے کے مکانات میں **سیسے سے زدپذیری کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔** مقامی صحت کے محکمہ جات ایک نئے رہائشی جانچ اور نفاذ پروگرام کو لاگو کریں گے جس کے تحت 1980 سے پہلے بنائے گئے دو خاندانی اور کثیر خاندانی کرائے کے یونٹس کے مالکان کو انتہائی ترجیحی اور زیادہ خطرے والی 24 میونسپلٹیز میں ہر تین سال بعد اپنے یونٹ کو 'سیسے سے محفوظ' کے طور پر تصدیق کروانے کی ضرورت ہے۔

بجٹ میں **EMS نظام** کو مضبوط بنانے کے لیے نمایاں سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ اس میں ریاست کی ہنگامی طبی خدمات کے نظام کے احیائے نو کے لیے $8 ملین کی سرمایہ کاری اور طبی نقل و حمل کے لیے Medicaid کی باز ادائیگی کی شرح کو بڑھانے کے لیے $36 ملین کی مجموعی سرمایہ کاری شامل ہے۔

بجٹ صحت عامہ کے بحرانوں پر اہدافی اور مناسب جوابات سے آگاہ کرنے اور نگہداشتِ صحت کی وسیع تر بصیرت کو آگے بڑھانے کے لیے اگلے دو سالوں میں $28 ملین کی سرمایہ کاری کر کے **قومی سطح پر صحت کی نگرانی اور کڑی جانچ کے ایک نئے نظام** کی تشکیل کے ساتھ، الیکٹرانک ہیلتھ ریکارڈ کنیکٹیویٹی کو بڑھانے کے لیے اضافی سرمایہ کاری کے علاوہ دیگر اہم ڈیٹا جیسے سماجی اور دائمی حالت کے خطرے کے عوامل کے ساتھ حقیقی صحت کی معلومات کو یکجا کرنے کے لیے نئے پلیٹ فارم کے قائم کرنے کی حمایت کرتا ہے۔

بجٹ کے اندر - خاص طور پر نوجوانوں میں سگریٹ کے استعمال کو کم کرنے کے لیے - اور انہیں اس کو ترک کرنے کی ترغیب دینے کے لیے **سگریٹ ٹیکس میں $1.00 کا اضافہ** بھی شامل ہے۔ جو کہ NYS کو قوموں میں مستحکم سگریٹ ٹیکس کی ریاست بنائے گا۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں